| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادت (ب) عبادات | سبق کا نام: نماز |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رُکن ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ وہ نماز کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ انھیں سوچنے کا موقع دیں۔ ان کے جوابات کو غور سے سنیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم نماز کے بارے میں پڑھیں گے۔ نماز اللہ تعالیٰ کی عبادت کا ایک طریقہ ہے اور ہر مسلمان پر فرض ہے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 29 کھولیں۔ سبق کا پہلا پیرا گراف (ہم مسلمان۔۔۔۔۔اسلام کا اہم اور بنیادی رُکن ہے) دُرست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔ سبق کا متن سمجھائیں اور مشکل الفاظ کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارا دین اسلام ہے اور دینِ اسلام کو ماننے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔ مسلمان اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے وہ ہمارا خالق ہے اس نے ہمیں اپنی عبادت کے لیے اس دنیا میں بھیجا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ نماز اللہ تعالیٰ کی عبادت کا خاص طریقہ ہے اور دین اسلام کا دوسرا اہم رکن ہے۔
- طلبہ کو رکن کا معنی سمجھائیں۔ انھیں بتائیں کہ رکن کے معنی ستون کے ہیں انھیں آگاہ کریں کہ دین اسلام کی بنیاد پانچ ارکان پر ہے ان میں ایک بھی رکن چھوٹ جائے تو دینِ مکمل نہیں ہوتا۔ ارکان اسلام کو تختہ تحریر پر لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عقیدہ توحید | نماز | روزہ | زکوۃ | حج |

- طلبہ کو بتائیں عبادات میں نماز افضل ترین عبادت ہے جو ہر مسلمان پر دن اور رات میں پانچ بار فرض ہے۔

مشکل الفاظ پڑھانے کے طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| عبادت | عِ۔با۔دَت | بندگی |
| رکن | رُکنُ | ضروری حصہ۔ستون |
| فرض | فَرض | وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری ہو |
| اہم | اَ۔ہَم | نہایت ضروری |
| بنیادی | بُن۔یا۔دِی | اصلی۔ابتدائی |
| افضل | اَف۔ضَل | بہترین |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**


مشق میں دیے گئے پہلے دو سوالات اور ان جوابات تختہ تحریر پر خوش خط لکھیں۔اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان جوابات کو کاپیوں پر لکھیں اور یاد کریں سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور دُرست جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

ارکان اسلام کے نام لکھیں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: نماز |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پانچ نمازوں کے نام جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں آمادگی کے لیے طلبہ سے پوچھیں

الف: دینِ اسلام کے ماننے والے کو کیا کہتے ہیں؟

ب: اللہ تعالیٰ کی عبادت کا خاص طریقہ کیا ہے؟

ج: مسلمان پر کتنی نمازیں فرض ہیں؟

طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ مسلمان دن اور رات میں پانچ بار نماز ادا کرتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 29 کھولیں۔ سبق کا دوسرا پیراگراف (اللہ تعالیٰ نے ہمیں۔۔۔ ادا کی جاتی ہے) درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں اور پھر طلبہ سے پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسلمان اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اس کے سامنے عاجزی سے جھکتے ہیں۔ نماز کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ نماز ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے اور کسی بھی حالت میں چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے۔ نماز ادا کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دیا ہے ارشادِ باری اللہ ہے:

ترجمہ: 'اور نماز قائم کرو'۔ (سورۃ البقرہ، آیت: 43)

- نبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کریم نے بھی مسلمانوں کو تعلیم دی ہے کہ اپنی اولاد کو سات سال کی عمر میں نماز کی تعلیم دو۔ دس سال کی عمر سے انھیں نماز باقاعدگی سے پڑھنے کی عادت ڈالو اور اگر بچہ دس سال کی عمر میں نماز کی ادائی میں غفلت کرے تو اس کو سزا دو۔
- پانچ نمازوں کے ناموں کے فلیش کارڈز طلبہ کو دکھائیں اور تین سے پانچ مرتبہ بچوں سے پڑھوائیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ ان پانچ نمازوں کو وقت پر ادا کرنا ضروری ہے۔ اگر نمازوں کو وقت پر ادا نہ کیا جائے تو وہ قضا ہو جاتی ہے۔ اس لیے ہمیں مقررہ وقت پر نماز ادا کرنی چاہیے۔
- طلبہ کو ترغیب دیں کہ ابھی سے نماز پڑھنے کی عادت کو اپنائیں تاکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ کی خوشنودی حاصل ہو۔

مشکل الفاظ پڑھنے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| حکم | حُ۔ کَم | فرمان |
| ادا | اَ۔ دَا | انداز |
| ارشاد | اَر۔ شاد | ہدایت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**


پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں اور درست جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پانچ نمازوں کے نام لکھیں۔



# ورک شیٹ (ہوم ورک)

**نام:** ______________ | **مضمون:** اسلامیات | **سبق:** نماز

دیے گئے جدول سے نمازوں کے نام تلاش کریں اور ان کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ف | د | ع | ص | د |
| ک | چ | ج | م | غ | ر | ب |
| ظ | ہ | ر | ع | ر | ہ | ض |
| ع | م | ن | پ | س | ل | ع |
| و | ا | گ | ع | ش | ا | ء |

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اوّل | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:3 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: نماز | باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب) عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان لیں کہ نماز ادا کرنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ مارکر۔اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ نماز کیا ہے؟ ہم کس طرف منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں؟ نماز پڑھنے سے پہلے کیا کرنا ضروری ہے؟

طلبہ کو بتائیں کہ نماز سے پہلے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔ نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 30 کھولیں۔ سبق کے آخری دو پیراگراف درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں پھر طلبہ سے پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو نماز کی فضیلت سے آگاہ کریں نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

حضرت عبد اللہ مسعود رضی اللہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کو کون سا عمل سب سے زیادہ محبوب ہے؟ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: نماز کو اس کے مقررہ وقت پر ادا کرنا'۔ (صحیح بخاری)

- طلبہ کو نماز ادا کرنے کے آداب بتائیں کہ نماز ادا کرنے کے لیے ہمارا پاک صاف ہونا بھی ضروری ہے اور جس جگہ نماز پڑھی جائے وہ بھی پاک صاف ہو۔ پاک صاف ہونے کے لیے ہم وضو کرتے ہیں صاف ستھرے کپڑے پہنتے ہیں اور خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں۔
- طلبہ کو نماز ادا کرنے کے فائدے بتائیں کہ

۱۔ نماز ہمیں برائیوں سے روکتی ہے۔

۲۔ ہمیں وقت کی پابندی سکھاتی ہے۔

۳۔ نماز پڑھنے والا پاک صاف رہتا ہے۔

- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ فرماتے ہیں کہ انھوں نے رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کو فرماتے سنا کہ تمھاری کیا رائے ہے کہ تم میں سے ایک انسان جس کے دروازے پر ایک نہر گزر رہی ہو اور وہ دن میں پانچ بار غسل کرتا ہو تو کیا سا کے (جسم پر) کچھ میل کچیل باقی رہے گا۔ صحابہ کرام رضوان نے کہا: اس کے جسم پر کچھ میل کچیل باقی نہیں رہے گا چنانچہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ یہی مثال پانچ وقت کی نماز کی ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔( صحیح بخاری، حدیث: 503)۔اور نماز پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے۔
- طلبہ کو ترغیب اور تلقین کریں کہ ہمیں نماز باقاعدگی سے ادا کرنی چاہیے تا کہ اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہوں۔

مشکل الفاظ پڑھنے کا طریقہ

| | | |
|---|---|---|
| بہترین | بِہ۔تَ۔رِین | سب سے اچھا |
| سبق | سَ۔بَقْ | نصیحت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق میں دیے گئے جزو (2) کو کتاب پر حل کروائیں۔ سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

ایک چارٹ پر نمازوں کے نام دُرست ترتیب سے خوش خط لکھیں اور جماعت میں آویزاں کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** __________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: نماز** |

سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا بہترین طریقہ ہے:

(الف) اذان (ب) وضو (ج) نماز

۲۔ مسلمانوں پر نمازیں فرض ہیں:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھے

۳۔ نماز پڑھنے سے پہلے کیا جاتا ہے:

(الف) وضو (ب) آرام (ج) کام

۴۔ نماز پڑھنے سے ہم رہتے ہیں:

(الف) پاک صاف (ب) ناراض (ج) سست

سوال 2: نماز سے متعلقہ چیزوں کے گرد دائرہ لگائیں۔

جائے نماز  تسبیح  کتاب

کرسی  ٹوپی